| | | |
|---|---|---|
| Paper Code Number: 4025 | 2024 ($1^{st}$-A)<br>انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ ( جماعت بارہویں ) | رول نمبر ________ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو (لازمی) | پرچہ۔ دوسرا | گروپ۔ پہلا | معروضی | وقت 20 منٹ | کل نمبر = 20 |

**سوال نمبر 1** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔** MTN-1-24

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | بی حجن نے اکبری کو لونگیں دیں۔ | ایک | دو | تین | چار |
| 2 | قرطبہ کا قاضی رہتا تھا۔ | اشبیلیہ میں | بغداد میں | قرطبہ میں | غرناطہ میں |
| 3 | حضرتِ عمر بن عبد العزیزؒ کے بیٹے کا نام تھا۔ | ولید | مزاحم | عبدالملک | عباس |
| 4 | "جامعہ عثمانیہ" کا ادارہ موجود ہے۔ | حیدر آباد دکن میں | لکھنؤ میں | دِلی میں | امرتسر میں |
| 5 | زمانے کے پیراہن پر گناہ کا داغ لگنے سے پہلے ملک کا نام تھا۔ | قدرتی گلزار | گلشنِ حال | ملکِ خدا | ملکِ فراغ |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | محنت ہی ہے ______ آدمی کو آگے لے جاتی ہے۔ | سو | وہ | تو | جو |
| 7 | بادل خوب گرجا ______ بارش نہ ہوئی۔ | پھر | مگر | اگر | چاہے |
| 8 | ندیم نے کتاب، قلم اور کاپی: | خریدا | خریدی | خریدے | خریدیں |
| 9 | قاسم کی عزت، شہرت، مال و دولت سب کچھ داؤ پر: | لگ گئیں | لگ گئے | لگ گیا | لگ گئی |
| 10 | "ادبی دنیا" بند ہو: | گئی ہے | گیا ہے | گئیں ہیں | گئے ہیں |

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ | ختمہ | وقفہ | ندائیہ | فجائیہ |
| 12 | فجائیہ کی تعریف ہے۔ | سوال پوچھنا | مختصر ٹھہراؤ | فقرے کی تکمیل | جذبات کا اظہار |
| 13 | واوین کی علامت ہے۔ | ! | ( ) | " " | ؟ |
| 14 | کیا آپ نہیں سمجھیں گے، میں علامت استعمال ہوگی۔ | ! | ؟ | " " | ( ) |
| 15 | تفصیلیہ کی تعریف ہے۔ | تفصیل بیان کرنا | مکمل ٹھہراؤ | مختصر ٹھہراؤ | سوال کرنا |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

| | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | "میں نے بستہ اٹھا رکھا ہے" میں امدادی فعل ہے۔ | بستہ | اٹھا | رکھا | میں نے |
| 17 | "مجھے میری کتاب تو دیتے جاؤ" میں امدادی فعل ہے۔ | جاؤ | دیتے | کتاب | میری |
| 18 | رکھنا | رقم کہاں چھپا رکھی ہے؟ | قلم رکھ دو۔ | کام جاری رکھو۔ | کتاب میز پر رکھو۔ |
| 19 | آنا | وہ آیا۔ | محسن یہاں چلا آیا ہے۔ | کب آؤ گے؟ | جلدی آؤ۔ |
| 20 | اٹھنا | وہ اٹھ گیا۔ | گھر میں شور اٹھا۔ | وہ جلدی اٹھتا ہے۔ | وہ درد سے چلا اٹھا۔ |

2(Obj)(☆☆☆)-2024($1^{st}$-A)-40000 (MULTAN)

ParhloPakistan.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رول نمبر ________ | | 2024 (1st-A)<br>انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ ( جماعت بارھویں ) | | |
| اردو (لازمی) پرچہ۔دوسرا | گروپ۔پہلا | انشائیہ | وقت= 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |

نوٹ:۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔ MTN-1-24

## حصہ اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

صاحبِ خُلقِ عظیم و صاحبِ لطفِ عمیم — صاحبِ حق ، صاحبِ شقُ القمر، خیر البشرؐ

کار زارِ دہر میں وجہِ ظفر، وجہِ سکوں — عرصۂ محشر میں وجہِ درگزر، خیر البشرؐ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

کام مَردوں کے جو ہیں، سو وہی کر جاتے ہیں — جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے — مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دیدوادید جو ہو جائے، غنیمت سمجھو — جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) آدمی کے پہچاننے میں انھیں خاص ملکہ تھا۔ تھوڑی سی ملاقات اور بات چیت میں آدمی کو پوری طرح بھانپ لیتے تھے۔ اُن کے ملنے والے بُرے اور بھلے ہر قسم کے آدمی تھے۔ دنیا نیکوں ہی کے لیے نہیں، اس میں بدوں کا بھی حصہ ہے اور شاید دنیا کی بہت کچھ رونق انھی کے دم سے ہے۔ وہ دونوں سے کام لیتے تھے۔

(ب) کئی کئی سال سے لوگوں کا ان پر تقاضا تھا کہ قرآن مجید کا ترجمہ کرو مگر وہ پس و پیش کرتے اور کہتے کہ یہ کام ان لوگوں کا ہے جو خدمتِ دین میں اپنی ساری ساری عمر صرف کر چکے ہیں مگر جب پنشن لے کر وہ دلی آ گئے تو تفسیر کا ترجمہ شروع کیا اور اس سلسلے میں اکثر آیت قرآنی کا ترجمہ بھی کرنا پڑا۔ اس سے انھیں اندازہ ہوا کہ یہ کام اتنا دشوار نہیں ہے جتنی کہ طبیعت میں ہچکچاہٹ ہے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) محنت پسند خردمند (ii) قرطبہ کا قاضی

5۔ نصاب میں شامل احسان دانشؔ کی نظم " تغیر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) منشیات ایک لعنت (ii) والدین کا احترام (iii) دہشت گردی

7۔ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات کے موضوع پر اخبار کے مدیر کے نام خط تحریر کیجیے۔ 10



ParhloPakistan.com